قرآن سب کے لیے ، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

فروری تا مئی 2026 ، رمضان تا ذوالحجہ 1447ھ | شمارہ 31

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیرخواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## حمد و ثنا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولٰى وَالْآخِرَةِ، ذِي الْآلَاءِ الْبَاطِنَةِ وَالظَّاهِرَةِ، أَحْمَدُهُ حَمْدَ مُسْتَزِيْدٍ لِيَأْجُرَهُ، وَأَسْتَغْفِرُهُ مِنْ ذُنُوْبٍ آتِيَةٍ وَغَابِرَةٍ،

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے، وہ ذات جس کے لیے دنیا اور آخرت میں حمد ہے، جو باطنی اور ظاہری نعمتیں عطا کرنے والا ہے ، میں اس شخص کی حمد کی طرح اللہ کی حمد کرتا ہوں، جو مزید حمد کی توفیق چاہنے والا ہے تا کہ اللہ اس کو اجر عطا فرمائے اور میں اللہ سے اپنے سابقہ اور آئندہ سرزد ہونے والے تمام گناہوں کی بخشش طلب کرتا ہوں۔

## ابدی کامیابی کا راستہ

انسان اس دنیا میں محض چند روزہ زندگی گزارنے کے لیے نہیں بھیجا گیا بلکہ اس کی تخلیق ایک عظیم مقصد کے تحت ہوئی ہے۔ ہماری زندگی کا آغاز صرف جسم سے نہیں بلکہ روح کی تخلیق سے ہوا، پھر ہمیں دنیا میں اس لئے بھیجا گیا تا کہ یہاں ہماری آزمائش کے ذریعے تربیت ہو اور ہمیں اس عظیم منزل کے لیے تیار کیا جائے جو ہمیشہ کی زندگی ہے۔ آج انسان دنیا کو ہی سب کچھ سمجھ بیٹھا ہے۔ اولاد، رزق، رشتے، معاشی حالات، بیماری، مستقبل کی فکر یہ سب زندگی کے اہم پہلو ضرور ہیں مگر اصل مقصد نہیں۔ اگر انسان صرف انہی مسائل میں الجھ کر اپنی آخرت کو فراموش کر دے تو وہ اپنے اصل سفر کو بھول جاتا ہے۔ یہ دنیا دراصل ایک امتحان گاہ ہے، یہاں خوشحالی بھی آزمائش ہے اور تنگی بھی آزمائش۔ نعمت بھی امتحان ہے اور مصیبت بھی امتحان۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو مختلف حالات سے گزار کر ان کی تربیت فرماتا ہے، ان کے درجات بلند کرتا ہے، گناہوں کو معاف کرتا ہے، اور انہیں اپنے قریب کرتا ہے۔ کامیاب وہی ہے جو ہر حال میں اپنے رب سے جڑا رہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے دلوں میں یہ یقین تازہ کریں کہ اصل کامیابی دنیاوی ظاہری کامیابی نہیں بلکہ اللہ کی رضا ہے۔ اصل خوشی مال و دولت یا دنیاوی آسائشوں میں نہیں بلکہ اس سکون میں ہے جو اللہ پر ایمان، توکل، صبر اور استقامت سے حاصل ہوتا ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنے رب کے ساتھ تعلق کو مضبوط کریں، دنیا کی وقتی الجھنوں سے اوپر اٹھ کر اپنی اصل منزل کو یاد رکھیں، اور اپنی آنے والی نسلوں کے لیے بھی ایمان، اخلاق، تربیت اور رب شناسی کا راستہ روشن کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی معرفت اور سچی استقامت نصیب فرمائے، ہماری دنیا و آخرت سنوار دے، اور ہمیں ان خوش نصیبوں میں شامل فرمائے جنہیں موت کے وقت فرشتے سلام کے ساتھ جنت کی بشارت دیتے ہیں۔ آمین

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

## اس شمارے کی اہم جھلکیاں

- "القرآن ربیع قلبی" کی کامیاب تکمیل
- استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے علمی ودعوتی دوروں کی جھلکیاں
- الھدیٰ انسٹیٹیوٹس اور ریجنز میں علمی سرگرمیاں
- رمضان پروگرام
- انسٹیٹیوشنل پروگرامز
- خدمت خلق سرگرمیاں
- ابلاغ دین

## ایڈیٹر نوٹ

الھدیٰ نیوز لیٹر کا نیا شمارہ پیش خدمت ہے۔ ہماری خوش نصیبی کہ اس کی تیاری کے دوران عید الفطر و عید الاضحیٰ جیسے دو عظیم ایمان سے بھرپور ایام میسر آئے۔ عیدین کے ان حسین لمحات میں الھدیٰ کے ہر شعبے نے جوش وخروش سے اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں، کیا استاد اور کیا شاگرد، سب اپنی عبادات کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک خیر پھیلانے اور قران کا پیغام پہنچانے کی کوشش کرتے رہے۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے یکم جنوری سے ملتان میں رمضان المبارک کے حوالے سے ''القرآن ربیع قلبی'' کے خوبصورت عنوان کے ساتھ ایک نہایت اثر انگیز تعلیمی سرگرمی کا آغاز کیا جو آٹھ مارچ تک جاری رہا۔ اس کے ساتھ انہوں نے ملتان ریجن کے مختلف شہروں کے دورے بھی کیے اور ہر طبقہ فکر کے لوگوں کے لئے نہایت ایمان افروز دروس کا سلسلہ بھی جاری رکھا جس سے لوگوں کی بڑی تعداد مستفید ہوئی۔ لوگوں نے الھدیٰ کی کوششوں کو بہت سراہا اور مزید قرانی تعلیمات حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، جو ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ ہم جہاں اپنے طلبا اور اسٹاف کی انتھک محنت اور کوشش کے معترف ہیں وہاں الھدیٰ کے مشن کو کامیابی کی راہ پر گامزن رکھنے میں اپنے سب کرم فرماؤں کے تعاون پر تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔

طاہرہ خان

## علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

# تکمیل ''القرآن ربیع قلبی''

"القرآن ربیع قلبی" ملتان میں یکم جنوری 2026 کو شروع ہوا اور آٹھ مارچ 2026 کو اللہ کی توفیق سے مکمل ہوا۔ یہ صرف ایک تعلیمی کورس نہیں تھا بلکہ دلوں کی بہار، روحوں کی تازگی اور قرآن کے ساتھ تعلق کی تجدید کا ایک بابرکت سفر تھا۔ قرآن کا علم انسان کی سوچ، کردار اور پوری زندگی کو بدل دیتا ہے۔ ربیع قلبی کے خوبصورت عنوان سے شروع ہونے والے اس تعلیمی کورس نے ہزاروں دلوں کو روشن کر دیا۔ تلاوت کے ساتھ نصیحت آمیز اور تربیت بھری تفسیر نے ایک نئی سوچ اور نئے جذبے سے سرشار کر دیا۔ نہ صرف ملتان میں بلکہ پوری دنیا میں مستفید ہونے والوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچ گئی۔

لوگوں میں قران کو سیکھنے اور سمجھنے کا شوق پیدا ہوا اور خوش آئند بات یہ ہے کہ 29 جولائی 2026 سے الھدیٰ ای لرننگ پلیٹ فارم سے "ترجمہ وتفسیر قرآن" کورس کا آغاز ہو رہا ہے۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب



استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی ملتان آمد

استاذہ محترمہ کی ملتان آمد یہاں کے لوگوں کے ایک دیرینہ خواب کی تعبیر تھی۔ یہ محض ایک پروگرام نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت اور خصوصی فضل تھا۔

اس مرتبہ یہاں ''القرآن ربیع قلبی'' کے نام سے دورۂ قرآن کا اہتمام کیا گیا جس سے نہ صرف یہاں کی طالبات اور دیگر خواتین بلکہ دنیا بھر سے ہزاروں لوگ مستفید ہوئے۔ اس پروگرام کو ایک رجسٹرڈ کورس کی شکل میں الھدیٰ ای لرننگ پلیٹ فارم سے بھی آفر کیا گیا جس سے 3557 افراد مستفید ہوئے۔ اس کے ساتھ ساتھ ملتان شہر کے مختلف مارکیز میں اوپن لیکچرز کا بھی اہتمام کیا گیا۔ ہزاروں خواتین نے ان سیشنز میں شرکت کی، جس کے بعد متعدد خواتین نے باقاعدہ کلاسوں میں داخلہ لیا اور اپنی بچیوں اور اہل خانہ کو بھی ادارے سے وابستہ کیا۔

استاذہ محترمہ ہر سوموار کو ''غلطیوں کی اصلاح کا نبوی طریقہ کار'' کتاب پڑھاتیں، جمعہ کے دن فقہ القلوب کی کلاس ہوتی اور ہر اتوار کے دن الھدیٰ ٹیم کے ساتھ ملتان ریجن کے کسی شہر کا دورہ کرتیں اور وہاں کی خواتین کو مختلف موضوعات پر درس دیتیں۔ ان شہروں میں مظفر گڑھ، چشتیاں، حاصل پور، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، وہاڑی، علی پور/جتوئی اور خانیوال شامل ہیں۔ ان دروس میں خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ الھدیٰ کے مختلف ریجنز سے سٹاف ممبرز کی آمد کا سلسلہ بھی جاری رہا اور رمضان کے اختتام تک یہ روح پرور ماحول قائم رہا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس بابرکت دورے کے اثرات کو دیرپا بنائے اور ہر شہر اور ہر گھر میں قرآن وسنت کی روشنی، خیر و برکت اور ہدایت کو عام فرمائے اور ہم سب کو اخلاص اور استقامت کے ساتھ اس مشن کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

عالیہ نظامی صاحبہ (ریجنل کوآرڈینیٹر ملتان)

اس کورس کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ استاذہ محترمہ نے صرف علم منتقل نہیں کیا بلکہ دلوں کی تربیت کی۔ ''القرآن ربیع قلبی'' ایک عام تعلیمی پروگرام نہیں بلکہ ایک ایسا روحانی سفر ثابت ہوا جس نے دلوں کو قرآن کے قریب، زندگیوں کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے قریب اور کردار کو قرآن کے رنگ میں رنگنے کی عملی دعوت دی۔



علی پور/جتوئی



مظفر گڑھ

قرآن واقعی دلوں کی بہار ہے۔ وہ دل کے سوکھے حصوں میں زندگی بھر دیتا ہے، وہ گناہوں کا احساس بھی دیتا ہے اور توبہ کا راستہ بھی دکھاتا ہے، وہ انسان کو توڑتا بھی ہے اور اپنے رب کے سامنے جھکا بھی دیتا ہے، یہ دل کا علاج ہے اور روح کی بیداری ہے، یہ رب کی طرف واپسی کا راستہ ہے۔

# کاروانِ علم ہے رواں دواں

## دیگر تعلیمی اور دعوتی دورے

14 اپریل سے 4 مئی 2026 تک استاذہ محترمہ نے پاکستان کے مختلف شہروں کا دورہ کیا جن میں کراچی، حیدر آباد، سیالکوٹ، وزیر آباد، حافظ آباد، گوجرانوالہ، گجرات، ہری پور، ایبٹ آباد اور منڈی بہاؤالدین شامل ہیں۔

اس علمی سفر کے دوران استاذہ محترمہ نے دروس کے ساتھ ساتھ الھدیٰ طالبات اور سٹاف ممبرز کے ساتھ میٹنگز کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔



کامسیٹس یونیورسٹی، ایبٹ آباد



اسراء یونیورسٹی، حیدر آباد



گورمے سینٹرل مارکی، گلبرگ لاہور



لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز، حیدر آباد

استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی مسلسل تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

- نماز کے اذکار (ہفتہ میں تین دن)
- فقہ القلوب (ہفتہ وار کلاس)
- غلطیوں کی اصلاح کا نبوی ﷺ طریقہ کار (ہفتہ وار کلاس)
- القرآن تدبر و عمل (ہفتہ وار کلاس)

ان لیکچرز سے درج ذیل لنک سے استفادہ کیا جا سکتا ہے:

https://linktre.ee/DrFarhatHashmi



الھدیٰ ڈی ایچ اے انسٹیٹیوٹ کراچی

# الھدیٰ ریجنز میں علمی اور تربیتی سرگرمیاں



تکمیل قرآن، اسلام آباد انسٹیٹیوٹ



قرآن کلاس النفیس میڈیکل کالج، اسلام آباد




حج وعمرہ ٹریننگ، ملتان




انسٹیٹیوشنل پروگرام، لاہور



قرآن کلاسز تعلیمی الحاق سٹاف میٹنگ، ملتان



اقراء کورس، کے پی کے



انسٹیٹیوشنل پروگرام، کے پی کے



بچوں کے لیے رمضان پروگرام، کراچی



الھدیٰ پبلیکیشنز سٹال بک فیئر، لاہور



بخاری کورس تکمیل نارتھ ناظم آباد، کراچی



نماز کے اذکار سیشن، گوجرانوالہ



حج وعمرہ ٹریننگ، کراچی


# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## رمضان المبارک میں علمی سرگرمیاں

رمضان 2026 میں الھدیٰ کے تمام ریجنز میں دورۂ قرآن اور دیگر تعلیمی سرگرمیاں بھرپور طریقے سے منعقد کی گئیں جن سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔









## انسٹیٹیوشنل پروگرامز

ملک بھر میں تمام ریجنز کے تحت مختلف تعلیمی اداروں میں دورۂ قرآن کے علاوہ مفید موضوعات پر لیکچرز دیے گئے جن سے ہزاروں طلبا اور اساتذہ مستفید ہوئے۔







# خدمت خلق

Al-Huda Cares!

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے کسی مومن کی دنیا کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دور کردی، اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کی پریشانیوں میں سے ایک پریشانی دور کردے گا۔ جس نے کسی تنگ دست پر آسانی کی، اللہ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا…۔[صحیح مسلم]

گزشتہ چار ماہ میں شعبہ خدمت خلق کے تحت درج ذیل خدمات انجام دی گئیں جن سے بہت سے افراد مستفید ہوئے۔

## خدمت خلق سروسز

- ماہانہ راشن: 3035افراد مستفید ہوئے
- مالی امداد: 3270افراد مستفید ہوئے
- تعلیمی امداد: 1171افراد مستفید ہوئے
- قرض حسنہ: 5افراد مستفید ہوئے
- ووکیشنل سنٹر: 59مقامات
- امداد برائے روزگار: 100 افراد مستفید ہوئے
- ٹریننگ + غسل میت: 164 غسل+34ٹریننگ
- فری کفن: 198عدد
- یتیم خانہ: 233افراد مستفید ہوئے
- رمضان راشن: 32716افراد مستفید ہوئے
- میرج بیورو: 949افراد مستفید ہوئے
- امداد برائے شادی: 55 افراد مستفید ہوئے
- طبی امداد: 13869افراد مستفید ہوئے
- میڈیکل کیمپس: 16 مختلف مقامات

## خدمت خلق پروجیکٹس

- ایمرجنسی ریلیف: 200افراد مستفید ہوئے
- قربانی: 62697افراد مستفید ہوئے
- فراہمی آب: 125113افراد مستفید ہوئے
- شجرکاری: 721پودے لگائے
- الھدیٰ دسترخوان: 11047افراد مستفید ہوئے
- مساجد کی مرمت: 8مساجد



## ویل چیئرڈسٹری بیوشن

داؤد فاؤنڈیشن اور او جی ڈی سی ایل نے الھدیٰ کے پلیٹ فارم سے پشاور کے معذور افراد میں دو قسم کی ویل چیئرز تقسیم کیں۔ ان میں کچھ الیکٹرک ویل چیئرز تھیں اور کچھ مینوئل ویل چیئرز تھیں۔

### Bank Details

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104783594 (Rupee)

**IBAN AC #** PK13MEZN0003160104783594

**Branch Code:** 0316, **Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd,

E-11 branch Islamabad

***Donate online***


https://www.alhudapk.com/donate.html

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی

اس سال بھی عیدالاضحیٰ کے موقع پر الھدیٰ شعبہ خدمت خلق کے تحت تمام ریجنز میں قربانی کا اہتمام کیا گیا اور مستحق افراد میں گوشت تقسیم کیا گیا۔



قربانی



| | لاہور | ملتان | کراچی | کے پی کے | حب | حیدرآباد | کوئٹہ | اٹک | رحیم یار خان | عبدالحکیم | ٹارتھ ریجن | ہیڈ آفس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گائے | 13 | 15 | 5 | 15 | 12 | 24 | 8 | 3 | 6 | 5 | 21 | |
| بکرے | 12 | 12 | 0 | 3 | 0 | 15 | 5 | 5 | 5 | 10 | 30 | 12 |
| اونٹ | 0 | 3 | 0 | 0 | 0 | 1 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 1 |

گائے ■ بکرے ■ اونٹ ■

# ابلاغِ دین

## الھدیٰ میڈیا سرگرمیاں

الھدیٰ کی میڈیا رسائی پاکستان بھر میں متعدد ریڈیو اور ٹیلی ویژن پلیٹ فارمز کے ذریعے مسلسل پھیل رہی ہے جو لاکھوں گھروں تک مستند اسلامی تعلیم پہنچا رہی ہے۔ حسب معمول روزانہ صبح نشر کیے جانے والے پروگرام ''تعلیم القرآن'' کے علاوہ رمضان 2026 میں ''رمضان سپیشل پروگرام''، تمام 29 سٹیشنز سے شام 4:00 سے 5:00 بجے اور 7:00 سے 8:00 بجے نشر کیے گئے۔

نیوز 4 انڈیا ٹی وی نے ہمارے پروگرام ''معانی القرآن'' اور ''شفا کی دعائیں'' اپنے سیٹلائٹ چینل سے نشر کیں۔


اللہ تعالیٰ ان تمام کاوشوں کو قبول فرمائے اور امت کے لیے ذریعہ ہدایت بنائے۔ آمین۔

## الھدیٰ گائیڈنس زون (انسٹاگرام)

الھدیٰ گائیڈنس زون گزشتہ کئی دہائیوں سے عوام الناس کے دینی، معاشرتی اور نفسیاتی مسائل کے بارے میں قرآن و سنت کی روشنی میں رہنمائی کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔ اب لوگوں کی مزید سہولت اور آسان رسائی کے لیے الھدیٰ گائیڈنس زون نے اپنا انسٹاگرام پیج متعارف کروایا ہے، جہاں سوال و جواب کی صورت میں قرآن وسنت کی روشنی میں مستند مواد باقاعدگی سے شیئر کیا جا رہا ہے۔

سکین کیجیے

ALHUDAGUIDANCEZONE




## ''قرآن فار آل'' ترمیم شدہ ایپ

الھدیٰ انٹرنیشنل کے ''قرآن فار آل'' ایپ نئے انداز کے ساتھ دوبارہ متعارف کرا دی گئی ہے، جس کا مقصد ''قرآن ہر ہاتھ میں، ہر دل میں'' کے وژن کو مزید عام کرنا ہے۔ اس ایپ میں قرآن، تفسیر، حدیث، سیرت، تجوید، دعاؤں اور دیگر اسلامی علوم پر مشتمل منظم لیکچر سیریز، تعلیمی وسائل اور آف لائن سننے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ یہ ایپ اسلامی علم کے حصول کو مزید آسان اور مؤثر بناتے ہوئے دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے ہدایت اور خیر کا ایک قیمتی ذریعہ ثابت ہوگی۔




## استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ پوڈ کاسٹ

پیغام ٹی وی پر استاذہ محترمہ کی علمی اور ذاتی احوال و واقعات پر مبنی پہلا تاریخی پوڈ کاسٹ نشر کیا گیا۔ ڈاکٹر فریحہ میلہ صاحبہ نے بہت عمدہ اور مفید سوالات کے ذریعے استاذہ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا۔ اس پوڈ کاسٹ کو فرحت ہاشمی آفیشل یوٹیوب چینل پر دیکھا جا سکتا ہے




## تعارف: نئی طباعت

### عقیقہ۔۔۔شکر گزاری کی ایک خوبصورت سنت





اولاد اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی نعمت ہے۔ اس نعمت پر شکرانہ واجب ہے اور شکرانہ کی ایک مسنون صورت بچے کی طرف سے عقیقہ کرنا ہے۔

اپنے بچے کی زندگی میں برکت، حفاظت اور خیر لانے کے لیے عقیقہ کا اہتمام کیجیے ''الھدیٰ پبلی کیشنز'' نے آپ کے لیے ''عقیقہ'' کے حوالے سے مستند معلومات ایک پمفلٹ کی صورت میں شائع کی ہیں۔ آپ خود بھی اس کو پڑھیے اور اپنے ان عزیز و اقارب اور دوست احباب کو بھی تحفہ میں دیجیے۔ اسی طرح اگر کسی کے والدین اپنی لاعلمی کی وجہ سے اپنے بچے کا عقیقہ نہیں کر سکے تو وہ اب اپنا عقیقہ خود کر لے۔

## الھدیٰ پبلیکیشنز کی نئی مطبوعات

1- عقیقہ۔۔۔شکر گزاری کی ایک خوبصورت سنت (پمفلٹ)
2- حج بیت اللہ نظرثانی شدہ (کتاب)
3- حسن خاتمہ انگلش (کارڈ)
4- رمضان، دورہ قرآن اور قربانی بینرز




الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرستِ اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی — مینجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان — گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر، فریدہ اشرف
پروف ریڈرز: رفعت اصغر، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی، فرخ چوہدری، عصمت خاتون